نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 6, 2006)

یوایس ایڈ کی طرف سے مقامی آبادی کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے میں مدد

اسلام آباد (6 مارچ 2006ء) ___ ایک عشرہ قبل، امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) نے پاکستان کے دور افتادہ علاقوں میں مقامی آبادی کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے اور ان کے مسائل سے نمٹنے کے لئے مقامی تنظیموں کی اعانت کی تھی۔ آج یہ کوششیں رنگ لائی ہیں خصوصا بعض وہ دیہاتی جو 8 اکتوبر کے زلزلہ سے متاثر ہوئے تھے، اپنی زندگی کو معمول پر لانے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

زلزلہ نے 550 دیہاتی لوگوں کو ضلع بالاکوٹ کے پہاڑی گاؤں چپر و چوشل سے سینکڑوں میل دور ضلع مانسہرہ منتقل ہونے پر مجبور کر دیا۔ یوایس ایڈ کے مقامی آبادی کی اعانت کے منصوبوں کے ذریعہ دور دراز کے ایک گاؤں نے اتنے روابط استوار کر لئے تھے جس سے اس کو اپنی قیمتی زرعی پیداوار اور مویشیوں کی فروخت کے سلسلہ کو مستحکم کرنے میں مدد ملی۔ اس نظام کے ذریعہ مربوط ہونے والے ایک کاروباری فرد نے وسیع پیمانے پر تباہی کے بارے میں معلوم ہونے پر فراخدلانہ مدد دی اور چپر و چوشل کے دیہاتیوں کو مانسہرہ کے علاقہ بتریر میں 65 عارضی خیمے لگانے کے لئے زمین فراہم کی۔ یہ زمین ملنے سے اہل گاؤں کو زندگی معمول پر آنے کا احساس ہوا۔

اس سلسلہ میں امریکہ نے بھی اپنا کردار ادا کیا۔ حکومت امریکہ کی زلزلہ کے حوالے سے امدادی کوششوں کے سلسلہ میں یوایس ایڈ نے بتریر میں پانی صاف کرنے کے لئے فلٹر اور گولیاں فراہم کیں تاکہ گاؤں کے لوگوں کو پینے اور نہانے کے لئے صاف اور محفوظ پانی میسر آئے۔ یوایس ایڈ نے صحت کی بنیادی سہولیات اور امدادی سامان مہیا کیا جس سے گاؤں کے لوگوں کو اس بحران سے نمٹنے اور اپنی زندگیوں کو بحال کرنے میں مدد ملی ہے۔ زلزلہ سے قبل اور بعد میں یوایس ایڈ نے انہیں ناگہانی معاشی اور ماحولیاتی دھچکوں کا سامنا کرنے کے قابل بنایا۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کُل 51 کروڑ ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3